اظہار احترام

دفتر عمل

میرا خیال کیا، یقین ہے کہ زندگی میں جو کچھ بھی میں نے بیان کیا ہے وہ کروڑوں نہیں تو لاکھوں الفاظ ضرور ہوں گے۔ آج کی سائنس یہ کہتی ہے کہ انسان جو کچھ بولتا ہے اس کی آواز اور الفاظ سب کچھ اس فضاء میں محفوظ ہے۔ سائنس دان جب ان آوازوں تک رسائی حاصل کر لیں گے تو میرے یہ الفاظ ان کے لئے حق و یقین کی دعوت بن جائیں گے۔ اگر یہ الفاظ یہاں محفوظ نہیں رہ سکے تو نہ سہی لیکن میرا یقین ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دفتر میں میرا ایک ایک لفظ اور حرف محفوظ ہے۔

اللہ کو علم ہے کہ میں نے دنیا کی زندگی میں چالیس برس تک توحید کا اعلان کیا، عقیدۂ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے اپنی ساری توانائیاں صرف کر دیں، دین اسلام اور امت محمدیہ کے سب سے بڑے دشمن فرنگی کے خلاف علم بغاوت بلند کیا اور مسلمانوں کی ایک بڑی جماعت کو ساتھ لیکر اس کے مقابلے میں جہاد کیا۔

روز محشر جب میرا دفتر عمل کھلے گا تو میرا مالک ضرور مجھ پر فضل فرمائے گا۔ مجھے یقین کامل ہے کہ میرا یہی عمل نجات و فلاح کا ذریعہ بن جائے گا (ان شاء اللہ)

امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری

(ماخوذ از مقدمہ، خطاب امیر شریعت، خیر المدارس ملتان اپریل ۱۹۵۱ء)